06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	السیرۃ والاخلاق	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الاولیٰ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہوگا۔

1۔ حضرت آمنہ کے ہاں بشارات وہدایات کا تانتا بندھ گیا:

(الف) جب سے حضور ﷺ کی پیدائش ہوئی (ب) جب سے نور محمدی عطا ہوا (ج) جب سے حضرت عبداللہ سے نکاح ہوا (د) جب سے مکہ میں امن وسکون ہوا

2۔ حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ میں نے اتنے نصب شدہ جھنڈے دیکھے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

3۔ حضور ﷺ کی ولادت ہوئی تو سب سے پہلے حضور ﷺ کو اٹھایا تھا:

(الف) حضرت شفاء بنت عمرو نے (ب) حضرت آمنہ نے (ج) حضرت ام کلثوم نے (د) حضرت حلیمہ نے

4۔ حضور ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی:

(الف) 20 اگست کو (ب) 21 اگست کو (ج) 22 اگست کو (د) 23 اگست کو

5۔ "میں نے آپ ﷺ سے زیادہ فصیح کسی کو نہیں دیکھا" یہ قول ہے:

(الف) حضرت ابوبکر کا (ب) حضرت عمر فاروق کا (ج) حضرت عثمان کا (د) حضرت علی کا

6۔ شام کے پہلے سفر کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک تھی:

(الف) 6 برس (ب) 8 برس (ج) 10 برس (د) 12 برس

7۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اہل مکہ کی بکریاں ہم بھی چرایا کرتے تھے:

(الف) وادی مکہ میں (ب) قراریط میں (ج) مکہ کے صحرا میں (د) وادی یمن میں

8۔ "حلف الفضول" کا سبب بنا ایک فرد جس کا تعلق تھا:

(الف) قبیلہ بنو زہیر سے (ب) قبیلہ ہوازن سے (ج) قبیلہ قریش سے (د) بنی ہاشم سے

9۔ اہل عرب کی جنگیں فجار کے نام سے موسوم ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

10۔ حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ کو مہر میں دیے:

(الف) دو اوقیہ سونا (ب) دو اوقیہ چاندی (ج) بیس اونٹ (د) پچاس اونٹ

ورق الٹیے

11۔ خلق کا لفظ لغت میں استعمال کیا جاتا ہے:

(الف) ذات کے لیے (ب) اخلاق کے لیے (ج) طبیعت کے لیے (د) نفس کے لیے

12۔ انسان میں کتنی صلاحیتیں ہوتی ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

13۔ "حضور ﷺ کا اخلاق قرآن ہے" یہ جملہ ارشاد فرمایا تھا:

(الف) حضرت آمنہؓ نے (ب) حضرت عائشہؓ نے (ج) حضرت حفصہؓ نے (د) حضرت میمونہؓ نے

14۔ میزان میں کوئی چیز بھاری نہیں:

(الف) سوائے اعمال کے (ب) سوائے افعال کے (ج) سوائے حسن اخلاق کے (د) سوائے تقویٰ کے

15۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین مجلس ہے:

(الف) تنگ نظری والی (ب) تنگ دستی والی (ج) وسعت والی (د) سرگوشی والی

16۔ حضور ﷺ جب کسی جماعت کے پاس سے گزرتے تو انہیں سلام کرتے:

(الف) ایک مرتبہ (ب) دو مرتبہ (ج) تین مرتبہ (د) چار مرتبہ

17۔ جب کوئی بندہ کسی کی عیادت کے لیے چلتا ہے تو وہ چلتا ہے:

(الف) زمین پر (ب) جنت کے باغ میں (ج) نیک راستے پر (د) تقویٰ کے راستے پر

18۔ انسانوں کو جانوروں سے منفرد اور متمیز کرتی ہے:

(الف) عقل (ب) حیاء (ج) عمدہ اخلاق (د) تحسین وستائش

19۔ حضور ﷺ نے جس امر پر زیادہ زور دیا وہ ہے:

(الف) حسن سلوک (ب) حقوق کی ادائیگی (ج) میثاق کا پورا کرنا (د) عاجزی کرنا

20۔ حضور ﷺ کے ہاں لوگوں میں سب سے افضل وہ ہوتا جو دوسروں سے بڑھ جاتا تھا:

(الف) اعمال میں (ب) افعال میں (ج) خیر خواہی میں (د) تقویٰ میں

06-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	السیرۃ والاخلاق	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الاولی)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ شب ولادت مصطفی ﷺ آسمانوں کی کیا کیفیت تھی؟ تحریر کریں۔

2۔ حضور ﷺ کے بچپن کی عمر میں علامات نبوت میں سے کوئی ایک تحریر کریں۔

3۔ حضرت ابوطالب سے حضور ﷺ کی محبت تحریر کریں۔

4۔ حرب فجار سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

5۔ اعلان نبوت سے قبل حضور ﷺ کے خاص احباب میں سے دو کے نام تحریر کریں۔

6۔ پہلی وحی کے نزول کے بعد حضور ﷺ کی کیا کیفیت تھی؟ تحریر کریں۔

7۔ حضور ﷺ کا کسی جماعت میں جانے کا مختصر حال تحریر کریں۔

8۔ حضور ﷺ نے سرگوشی کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔

9۔ حضور ﷺ کی صفت جود وسخا کے بارے مختصر تحریر کریں۔

10۔ "وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ" ترجمہ کریں۔

11۔ اھل جنت کے اعمال میں سے کس چیز کو حضور ﷺ نے زیادہ پسند فرمایا؟

12۔ خطاکاروں اور معصیت کاروں کے ساتھ حضور ﷺ کا رویہ کیا ہوتا؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ ورقہ بن نوفل نے حضور ﷺ کے بارے کیا کہا؟ مختصر تحریر کریں۔

2۔ حضور ﷺ نے دعوت وتبلیغ کا آغاز کہاں سے کیا؟ تحریر کریں۔

3۔ حبشہ کو جائے ہجرت منتخب کرنے کی دو وجوہات تحریر کریں۔

4۔ حضرت عمر فاروق کی رائے کے ساتھ اترنے والی کوئی سی دو آیات کی نشاندہی کریں۔

5۔ شعب ابی طالب میں بنو ہاشم کا کب اور کیوں محاصرہ کیا گیا؟ تحریر کریں۔

6۔ سفر معراج کے کوئی سے دو مراحل تحریر کریں۔

7۔ "اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ صَالِحَ الْاَخْلَاقِ" ترجمہ کریں۔

8۔ حضور ﷺ کا لوگوں کے ساتھ کلام فرمانے کا حال مختصر تحریر کریں۔

9۔ حضور ﷺ کے فجر کی نماز کے بعد کے معمولات مختصراً تحریر کریں۔

10۔ حضور ﷺ کی قسم کے بارے کوئی ایک حدیث مبارکہ لکھیں۔

11۔ آپ ﷺ کی صفت تواضع پر ایک حدیث پاک لکھیں۔

12۔ "کان یدعوا الی اماطۃ الاذی عن الطریق" ترجمہ کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. اعلانیہ دعوت اسلام اور قربانیوں کے سلسلہ کے بارے میں تفصیلاً نوٹ تحریر کریں۔

ii. (الف) کعبہ معظمہ کی تعمیر نو کا واقعہ تفصیل سے بیان کریں۔

(ب) "کان رسول اللہ اجود الناس وکان یعطی عطاء من لایخاف الفقر" حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ نیز حضور ﷺ کے جود وسخا پر قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. (الف) حضرت امیر حمزہ اور حضرت عمر فاروق کا قبول اسلام کا واقعہ تفصیلاً تحریر کریں۔

(ب) "کان النبی ﷺ اذا استقبلہ الرجل وصافحہ لاینزع یدہ من یدہ حتی یکون الرجل ینزع" حدیث پاک کا ترجمہ کریں۔ نیز آپ ﷺ کی ملاقات، سلام اور مصافحہ کے اوصاف قرآن وحدیث کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. (الف) حضور ﷺ پر نزول وحی کے متعلق تفصیل سے نوٹ کریں۔

(ب) حضور ﷺ کے حلم اور غصہ ضبط فرمانے کے اوصاف حدیث مبارکہ کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. (الف) دربار نجاشی میں قریش کی سفارت اور حضرت جعفر کا تاریخی خطبہ تفصیل سے تحریر کریں۔

(ب) حضور ﷺ کے خوش ہونے، تبسم ریز ہونے اور مزاح فرمانے کے اوصاف قرآن وحدیث کی روشنی میں تحریر کریں۔

iii. (الف) حضور ﷺ کا سفر طائف تفصیل سے بیان کریں۔

(ب) "وقال ان الرفق لایکون فی شیء الا زانہ ولاینزع من شیءٍ الا شانہ" حدیث مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ نیز حضور ﷺ کی صفت تواضع تفصیل سے بیان کریں۔